روزنامہ 92 نیوز اسلام آباد، منگل 21 نومبر، 2023ء
راولپنڈی/اسلام آباد، پشاور، لاہور، کراچی، کوئٹہ، ملتان، فیصل آباد اور سرگودھا سے اشاعت کے لیے منظور شدہ
786/92
The Daily 92 News
روزنامہ 92 نیوز اسلام آباد



وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیم پاسپورٹ آفس اسلام آباد آئے افراد کی شکایات سن رہی ہے

# وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیم کا پاسپورٹ آفس کا دورہ

## ارجنٹ پاسپورٹ تاخیر سے دینے پر فیس واپس کی جائے: وفاقی محتسب ٹیم

اسلام آباد (پ ر) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے پاسپورٹ آفس کے خلاف ہزاروں کی تعداد میں شکایات کا ازخود نوٹس لیتے ہوئے وفاقی محتسب سیکرٹریٹ کے سینئر افسروں پر مشتمل ایک معائنہ ٹیم پاسپورٹ آفس اسلام آباد بھیجی۔ اس ٹیم نے پاسپورٹ آفس اسلام آباد کے دورے کے دوران شکایات کا جائزہ لینے کے ساتھ ساتھ موقع پر موجود افراد کی شکایات بھی سنیں۔ ٹیم نے پاسپورٹ انتظامیہ کے ساتھ طویل اجلاس کے دوران ان کے مسائل کا جائزہ بھی لیا۔ ٹیم نے ڈائریکٹر جنرل آفس جی ایٹ اور پاسپورٹ آفس جی ٹین کا دورہ کیا اور پاسپورٹ کے حصول کے لئے آنے والے افراد کی شکایات بھی سنیں۔ ٹیم کو پتہ چلا کہ بعض لوگ کئی مہینوں سے پاسپورٹ کے (باقی صفحہ 4 نمبر 8)

بقیہ | وفاقی محتسب | 8

انتظار میں چکر لگا رہے ہیں اور بروقت پاسپورٹ نہ ملنے کے باعث متعدد افراد کے بیرون ملک کے ویزے بھی ایکسپائر ہو گئے ہیں۔ پاسپورٹ انتظامیہ نے ٹیم کو بریفنگ کے دوران بتایا کہ پاسپورٹ کے کاغذ کی عدم دستیابی کے باعث پاسپورٹ جاری کرنے میں تاخیر ہو رہی ہے۔ ٹیم نے پاسپورٹ انتظامیہ کو یہ ہدایت بھی دی کہ آئندہ ارجنٹ پاسپورٹ کے حصول کیلئے آنے والوں کو مقررہ مدت کے دوران پاسپورٹ جاری کرنے کو یقینی بنایا جائے۔

DAILY EXPRESS

روزنامہ ایکسپریس اسلام آباد

TUESDAY, NOVEMBER 21, 2023

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار



وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیم پاسپورٹ آفس اسلام آباد کی انتظامیہ سے ملاقات کررہی ہے

# پاسپورٹس کے اجراء میں تاخیر، محتسب کا ازخود نوٹس

## معائنہ ٹیم پاسپورٹ آفس بھجوادی، سائلین نے شکایات کے ڈھیر لگا دیئے

## محتسب کی ارجنٹ پاسپورٹ تاخیر سے دینے پر فیس واپس کرنیکی ہدایت

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) وفاقی محتسب نے ارجنٹ پاسپورٹ تاخیر سے دینے پر فیس واپس کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ زیر التواء پاسپورٹ جلد جاری کرنے کے انتظامات کیے جائیں۔ وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے پاسپورٹ آفس کے خلاف ہزاروں (باقی صفحہ 5 نمبر 32)

32 پاسپورٹ

کی تعداد میں شکایات کا ازخود نوٹس لیتے ہوئے وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ کے سینئر افسروں پر مشتمل ایک معائنہ ٹیم پاسپورٹ آفس اسلام آباد بھیجی، ٹیم کو پتہ چلا کہ بعض لوگ کئی مہینوں سے پاسپورٹ کے انتظار میں چکر لگا رہے ہیں اور بروقت پاسپورٹ نہ ملنے کے باعث متعدد افراد کے بیرون ملک کے ویزوں کی معیاد ختم ہوگئی ہے۔ پاسپورٹ انتظامیہ نے ٹیم کو بریفنگ کے دوران بتایا پاسپورٹ کے کاغذ کی عدم دستیابی کے باعث پاسپورٹ جاری کرنے میں تاخیر ہورہی ہے۔

روزنامہ جنگ
بانی : میر خلیل الرحمٰن
منگل 6 رجمادی الاوّل 1445ھ 21 رنومبر 2023ء

# ارجنٹ پاسپورٹ تاخیر سے دینے پر فیس واپس کی جائے، وفاقی محتسب

اسلام آباد (خصوصی نامہ نگار) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے کہا ہے کہ ارجنٹ پاسپورٹ تاخیر سے دینے پر فیس واپس کی جائے، زیر التواء پاسپورٹ جلد جاری کرنے کے انتظامات کئے جائیں، انتظامیہ کو پاسپورٹ پیپر ایڈوانس خرید کر رکھنا چاہئے تھا۔ انہوں نے پاسپورٹ آفس کے خلاف شکایات کا ازخود نوٹس لیتے ہوئے سیکرٹریٹ کے سینئر افسروں پر مشتمل معائنہ ٹیم پاسپورٹ آفس اسلام آباد بھیجی۔ ٹیم سفارشات پر مبنی جامع رپورٹ ایک ہفتے کے اندر وفاقی محتسب کو پیش کرے گی۔

TUESDAY, NOVEMBER 21, 2023 Registered ID 174
ABC CERTIFIED
قسم ہے قلم کی اور جو کچھ لکھتے ہیں ، القرآن
اسلام آباد، پشاور، لاہور، ملتان، رحیم یار خان، مظفر آباد، کراچی، فرینکفرٹ، لندن اور گلگت بلتستان سے بیک وقت شائع ہونے والا پہلا اردو اخبار
E-mail: ausaf@dsl.net.pk اعلیٰ صحافتی اوصاف کا علمبردار http://www.dailyausaf.com
روزنامہ اوصاف اسلام آباد
DAILY AUSAF ISLAMABAD
چیف ایڈیٹر: مہتاب خان ایڈیٹر: محسن بلال خان
جلد: 25 | منگل، 6 جمادی الاول 1445ھ، 21 نومبر 2023ء، 7 مگھر 2080 ب، صفحات 8 قیمت 30 روپے | شمارہ: 331

# ارجنٹ پاسپورٹ میں تاخیر ،شہریوں کو فیس واپس کرنیکا حکم

## زیر التوا پاسپورٹ جلد جاری کیے جائیں، وفاقی محتسب کی ہدایت

اسلام آباد( نیوز ایجنسی)وفاقی محتسب نے ارجنٹ پاسپورٹ تاخیر سے دینے پر شہریوں کو فیس واپس کرنے کا حکم دیدیا، زیر التوا پاسپورٹ جلد جاری کرنے کے انتظامات کرنے کی بھی ہدایت کردی۔ پاسپورٹ کی تیاری میں استعمال ہونے والے لیمینیشن پیپر کی قلت کے باعث پاسپورٹ فراہم میں غیر معمولی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 36)

اوصاف | وفاقی محتسب | 36

تاخیر ہورہی ہے، گزشتہ چند ماہ کے دوران پاسپورٹ کا بیک لاگ 10 لاکھ تک پہنچ گیا جواب کم ہوکر 5 لاکھ رہ گیا ہے۔ واضح رہے کہ روزانہ کی بنیاد پر پاسپورٹ بنوانے کیلئے 35 ہزار نئی درخواست جمع کرائی جارہی ہیں

khabraindigital | Khabraindigital | khabraindigital | daily.khabrain@gmail.com | Khabraindigital

ABC CERTIFIED

بانی وقائد: ضیا شاہد مرحوم

Daily KHABRAIN

روزنامہ خبریں

اسلام آباد راولپنڈی

چیف ایڈیٹر: امتنان شاہد

جلد 21 | منگل 6 جمادی الاول 1445ھ 21 نومبر 2023ء، 7 مگھر 2080ب صفحات 8 قیمت 30 روپے | شمارہ 30

# اسلام آباد: وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیم کا پاسپورٹ آفس کا دورہ

## ارجنٹ پاسپورٹ تاخیر سے دینے پر فیس واپس کی جائے، اعجاز احمد قریشی

اسلام آباد (نامہ نگار خصوصی) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے پاسپورٹ آفس کے خلاف بڑی تعداد میں شکایات کا از خود نوٹس لیتے ہوئے وفاقی محتسب سیکرٹریٹ کے سینئر افسران پر مشتمل ایک معائنہ ٹیم پاسپورٹ آفس اسلام آباد بھیجی۔ اس ٹیم نے پاسپورٹ آفس اسلام آباد کے دورے کے دوران شکایات کا جائزہ لینے کے ساتھ ساتھ موقع پر موجود افراد کی شکایات بھی سنیں۔ ٹیم نے پاسپورٹ انتظامیہ کے ساتھ طویل اجلاس کے دوران ان کے

باقی صفحہ 8 بقیہ نمبر 2

### بقیہ نمبر 2 // وفاقی محتسب

مسائل کا جائزہ بھی لیا۔ ٹیم نے ڈائریکٹر جنرل آفس G-8 اور پاسپورٹ آفس G-10 کا دورہ کیا اور پاسپورٹ کے حصول کے لئے آنے والے افراد کی شکایات بھی سنیں۔ ٹیم کو پتہ چلا کہ بعض لوگ کئی ہفتوں سے پاسپورٹ کے انتظار میں چکر لگا رہے ہیں اور بروقت پاسپورٹ نہ ملنے کے باعث متعدد افراد کے بیرون ملک کے ویزے بھی Expire ہو گئے ہیں۔ پاسپورٹ انتظامیہ نے ٹیم کو بریفنگ کے دوران بتایا کہ پاسپورٹ کے کاغذ کی عدم دستیابی کے باعث پاسپورٹ جاری کرنے میں تاخیر ہو رہی ہے۔ ٹیم نے انتظامیہ کو ہدایت کی کہ وہ پاسپورٹ کا کاغذ خریدنے کے پیشگی انتظامات کرنا چاہئیں تاکہ لوگوں کو بروقت پاسپورٹ مل سکیں۔ ٹیم نے پاسپورٹ انتظامیہ کو یہ ہدایت بھی دی کہ آئندہ ارجنٹ پاسپورٹ کے حصول کے لئے آنے والوں کو مقررہ مدت کے دوران پاسپورٹ جاری کرنے کو یقینی بنایا جائے۔ وفاقی محتسب کی ٹیم پاسپورٹ آفس G-10 پہنچی تو وہاں سینکڑوں افراد پاسپورٹ ملنے کے انتظار میں کھڑے تھے، جن کے بیٹھنے کے لئے کوئی معقول انتظامات بھی نہ تھے۔ ٹیم نے پاسپورٹ کے لئے آنے والوں کو بنیادی سہولیات فراہم کرنے کی ہدایت بھی کی۔ ٹیم کو بعض شکایت کنندگان نے بتایا کہ درجنوں چکر لگانے کے باوجود انہیں یہ پتہ نہیں چل رہا کہ انہیں پاسپورٹ کب ملے گا۔ ٹیم کو بتایا گیا کہ سینکڑوں افراد نے ارجنٹ پاسپورٹ کے لئے اپلائی کیا مگر انہیں پاسپورٹ جاری نہیں کیا گیا۔ وفاقی محتسب کی ٹیم نے ایسے افراد کو ارجنٹ پاسپورٹ کی فیس واپس کرنے کی ہدایت کی۔ وفاقی محتسب کی ٹیم اپنی سفارشات پر مبنی جامع رپورٹ ایک ہفتے کے اندر وفاقی محتسب کو پیش کرے گی۔ دریں اثناء وفاقی محتسب نے ہدایات جاری کیں کہ سیکرٹری داخلہ ان تمام معاملات کا مکمل جائزہ لے کر ان کے حل کو یقینی بنائیں تاکہ کل کو یہ مسئلہ دوبارہ درپیش نہ ہو۔

ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ کثیرالاشاعت روزنامہ
DAILY FRONTLINE KARACHI
روزنامہ فرنٹ لائن کراچی
چیف ایڈیٹر محمد عبدالسلام خان
ویب سائٹ www.frontline-news.pk
ای میل frontlinenewspk@gmail.com
جلد نمبر 17 | منگل 21 نومبر 2023ء، 06 جمادی الاوّل 1445ء | صفحات 8، قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 348

# وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیم کا پاسپورٹ آفس کا دورہ

## ارجنٹ پاسپورٹ تاخیر سے دینے پر فیس واپس کی جائے، وفاقی محتسب

## زیرالتواء پاسپورٹ جلد جاری کرنے کے انتظامات کیئے جائیں، اعجاز احمد قریشی

اسلام آباد ( بیورو رپورٹ )وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے پاسپورٹ آفس کے خلاف ہزاروں کی تعداد میں شکایات کا ازخود نوٹس لیتے ہوئے وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ کے سینئر افسروں پر مشتمل ایک معائنہ ٹیم پاسپورٹ آفس اسلام آباد بھیجی۔اس ٹیم نے پاسپورٹ آفس اسلام آباد کے دورے کے دوران شکایات کا جائزہ لینے کے ساتھ ساتھ موقع پر موجود افراد کی شکایات بھی سنیں۔ٹیم نے پاسپورٹ انتظامیہ کے ساتھ طویل اجلاس کے دوران ان کے مسائل کا جائزہ بھی لیا۔ٹیم نے ڈائریکٹر جنرل آفس G-8 اور پاسپورٹ آفس G-10 کا دورہ کیا اور پاسپورٹ کے حصول کے لئے آنے والے افراد کی شکایات بھی سنیں۔ٹیم کو پتہ چلا کہ بعض لوگ کئی مہینوں سے پاسپورٹ کے انتظار میں چکر لگا رہے ہیں اور بروقت پاسپورٹ نہ ملنے کے باعث متعدد افراد کے بیرون ملک کے ویزے بھی Expire ہوگئے ہیں۔پاسپورٹ انتظامیہ نے ٹیم کو بریفنگ کے دوران بتایا کہ پاسپورٹ کے کاغذ کی عدم دستیابی کے باعث پاسپورٹ جاری کرنے میں تاخیر ہو رہی ہے۔ٹیم نے انتظامیہ کو ہدایت کی کہ اسے پاسپورٹ کا کاغذ خریدنے کے پیشگی انتظامات کرنا چاہئیں تاکہ لوگوں کو بروقت پاسپورٹ مل سکیں۔ٹیم نے پاسپورٹ انتظامیہ کو یہ ہدایت بھی دی کہ آئندہ ارجنٹ پاسپورٹ کے حصول کے لئے آنے والوں کو مقررہ مدت کے دوران پاسپورٹ جاری کرنے کو یقینی بنایا جائے۔وفاقی محتسب کی ٹیم پاسپورٹ آفس G-10 پہنچی تو وہاں سینکڑوں افراد پاسپورٹ ملنے کے انتظار میں کھڑے تھے، جن کے بیٹھنے کے لئے کوئی معقول انتظامات بھی نہ تھے۔ٹیم نے پاسپورٹ کے لئے آنے والوں کو بنیادی سہولیات فراہم کرنے کی ہدایت بھی کی۔ٹیم کو بعض شکایت کنندگان نے بتایا کہ درجنوں چکر لگانے کے باوجود انہیں کچھ پتہ نہیں چل رہا کہ انہیں پاسپورٹ کب ملے گا۔ٹیم کو بتایا گیا کہ سینکڑوں افراد نے ارجنٹ پاسپورٹ کے لئے اپلائی کیا مگر انہیں پاسپورٹ جاری نہیں کیا گیا۔وفاقی محتسب کی ٹیم نے ایسے افراد کو ارجنٹ پاسپورٹ کی فیس واپس کرنے کی ہدایت کی۔وفاقی محتسب کی ٹیم اپنی سفارشات پر مبنی جامع رپورٹ ایک ہفتے کے اندر وفاقی محتسب کو پیش کرے گی۔دریں اثنا وفاقی محتسب نے ہدایات جاری کیں کہ سیکرٹری داخلہ ان تمام معاملات کا مکمل جائزہ لے کر ان کے حل کو یقینی بنائیں تاکہ کل کو یہ مسئلہ دوبارہ درپیش نہ ہو۔

اسلام آباد، راولپنڈی، لاہور، گوجرانوالہ، ملتان اور کراچی سے بیک وقت اشاعت

کلام الٰہی

قریب ہے کہ بجلی کی چمک ان کی آنکھوں کی بصارت کو اچک لے جائے، جب بجلی چمکتی اور ان پر روشنی ڈالتی ہے تو اس میں چل پڑتے ہیں اور جب اندھیرا ہو جاتا ہے تو کھڑے کے کھڑے رہ جاتے ہیں اور اگر اللہ چاہتا تو ان کے کانوں کی شنوائی اور آنکھوں کی بینائی دونوں کو زائل کر دیتا۔ بلاشبہ اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔ (سورۃ البقرہ 20)

www.jehanpakistan.pk

ABC CERTIFIED

روزنامہ

ایڈیٹر انچیف اویس رؤف

# جہان پاکستان

اسلام آباد

★★★★★ TUESDAY 21 NOVEMBER , 2023 LOCAL

جلد 11 | منگل 6 جمادی الاول 1445ھ، 21 نومبر 2023ء، 8 مگھر 2079ب | شمارہ 266 | صفحات 08 | قیمت 30 روپے




اسلام آباد: وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیم پاسپورٹ آفس میں لوگوں کی شکایات سنتے ہوئے

## وفاقی محتسب کا پاسپورٹ آفس کیخلاف شکایات کا نوٹس

### سینئر افسروں پر مشتمل معائنہ ٹیم پاسپورٹ آفس پہنچ گئی، لوگوں کی شکایات سنیں

اسلام آباد (خصوصی نیوز رپورٹر) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے پاسپورٹ آفس کے خلاف ہزاروں کی تعداد میں شکایات کا ازخود نوٹس لیتے ہوئے وفاقی محتسب سیکرٹریٹ کے سینئر افسروں پر مشتمل ایک معائنہ ٹیم پاسپورٹ آفس اسلام آباد بھیجی۔ اس ٹیم نے پاسپورٹ آفس اسلام آباد کے دورے کے دوران شکایات کا جائزہ لینے کے ساتھ ساتھ موقع پر موجود افراد کی شکایات بھی سنیں۔ ٹیم نے پاسپورٹ انتظامیہ کے ساتھ طویل اجلاس کے دوران ان کے مسائل کا جائزہ بھی لیا۔ ٹیم نے ڈائریکٹر جنرل آفس G-8 اور پاسپورٹ آفس G-10 کا دورہ کیا اور پاسپورٹ کے حصول کے لئے آنے والے افراد کی شکایات بھی سنیں۔ ٹیم کو پتہ چلا کہ بعض لوگ کئی مہینوں سے پاسپورٹ کے انتظار میں چکر لگا رہے ہیں اور بروقت پاسپورٹ نہ ملنے کے باعث متعدد افراد کے بیرون ملک کے ویزے بھی Expire ہو گئے ہیں۔